# مسنون ومقبول دُعائیں

① سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

جو شخص ان چار کلمات کو پڑھے گا تو کلمات جیسے اس نے پڑھے (جوں کے توں) لکھ دیئے جائیں گے۔ پھر عرش کے ساتھ لٹکا دیئے جائیں گے، کوئی بھی گناہ جو وہ کرے گا ان کلمات کو نہیں مٹا سکیں گے۔ یہاں تک کہ جب وہ شخص قیامت کے دن اللہ سے ملے گا تو ان کلمات کو جوں کا توں سر بمہر پائے گا (حصن حصین)۔

② جَزَی اللّٰہُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَّا ھُوَ اَھْلُہٗ

یہ دُعا سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہے۔ جو اس کو ایک بار پڑھے گا اس کے لئے ستّر ہزار فرشتے ایک سال تک نیکیاں لکھتے رہتے ہیں۔

③ جو شخص لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ پڑھا کرے اس کے لئے ۹۹ بیماریوں کی دوا ہے جس میں سب سے ہلکی بیماری فکر و پریشانی ہے۔

④ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْہُ الْمَقْعَدَ

الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

حضرت رُوَیفع رضی اللہ عنہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جو شخص یہ درود پڑھے اس کے لئے میری شفاعت واجب ہے۔ (فضائل اعمال)

(۵) روزانہ ۲۷ بار رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَ

لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ○

اس کے پڑھنے سے اللہ پاک حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر قیامت تک کے مسلمانوں کی گنتی کے برابر ثواب عطا فرمائیں گے۔

(۶) **شہادت حاصل کرنے کا طریقہ** اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ فِي

الْمَوْتِ وَفِيْ مَا بَعْدَ الْمَوْتِ

جو شخص دن میں ۲۵ بار موت کو یاد کرے گا وہ اللہ پاک کے حکم سے شہادت کی موت سے سُرخرو ہو گا۔

(۷) **مرض الموت کی دُعا** جو شخص اس دُعا کو مرض الموت میں چالیس بار پڑھے گا اس کو شہادت کا ثواب ملے گا:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا

قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

بیماری میں اِس دُعا کا وِرد کیا جائے ممکن ہے وہی مرض الموت ہو۔

⑧ **بہترین کلمات** سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

یہ دو۲ کلمے زبان پر ہلکے اور میزان میں بھاری ہیں اور اللہ کو بہت محبوب ہیں (حصن حصین)

⑨ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص ایک مرتبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہے اس کے لئے جنّت واجب ہوجائے گی اور جو شخص سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سَو مرتبہ پڑھے گا اس کے لئے ایک لاکھ چوبیس ہزار نیکیاں لکھی جائیں گی۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ کلمہ پہاڑ کی بقدر سونا خرچ کرنے سے بھی زیادہ محبوب ہے۔ (فضائلِ اعمال)

⑩ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ

اَحَدًا صَمَدًا لَّمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ

يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

ایک مرتبہ پڑھنے والے کے لئے بیس۲۰ ہزار نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔

(۱۱) لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاحِدًا اَحَدًا صَمَدًا لَّمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

دس۱۰ مرتبہ پڑھنے سے چالیس۴۰ ہزار نیکیاں اس کے لئے لکھی جاتی ہیں۔

حضرت معقل بن یسار رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس کا مفہوم ہے کہ جو شخص صبح کو تین۳ مرتبہ

